روزنامہ

الفضل

ٹیلیفون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 13 مارچ 2009ء 15 ربیع الاول 1430 ہجری 13 امان 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 57

حمد کا مستحق

حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ رکوع سے سر اٹھانے کے بعد یہ دعا کرتے تھے۔

اے ہمارے رب سب تعریفیں تجھی کو حاصل ہیں۔ اتنی زیادہ حمد جس سے زمین و آسمان بھر جائیں اور ان کے بعد وہ چیزیں بھی جو تو چاہے وہ بھر جائیں۔ اے تعریف اور بزرگی والے! بندہ تیری جتنی بھی تعریف کرے تو اس کا حقدار ہے اور ہم سب تیرے بندے ہیں۔

(صحیح مسلم کتاب الصلوٰۃ باب ما یقول اذا رفع راسہ حدیث نمبر 736)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

حضرت مسیح موعود کی آڑے وقت کی دعا۔ پس منظر اور آداب کے ساتھ

ایڈیٹر الحکم حضرت شیخ یعقوب علی صاحب عرفانی 1919ء میں تحریر فرماتے ہیں:۔

حضرت مسیح موعود کی آڑے وقت کی دعا سب سے پہلے ایڈیٹر الحکم ہی نے خدا کے فضل وکرم سے شائع کی تھی اور میں بجا اور جائز فخر کو کبھی چھوڑ نہیں سکتا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ کو حضرت مسیح موعود کی زندگی کے عجیب اور نہایت ہی غریب حالات کے معلوم کرنے کے اسباب عطا فرمائے۔ غرض یہ آڑے وقت کی دعا مشہور ہے۔ لیکن بہت ہی کم بلکہ شاید ہی کسی شخص کو معلوم ہو کہ یہ دعا پہلے پہل کب ظاہر کی گئی ہے۔ اس لئے میں آج اس دعا کے اظہار کی تاریخ پیش کرتا ہوں۔

سب سے پہلی مرتبہ 20 / اگست 1885ء کو یہ دعا حضرت مسیح موعود نے حضرت مولانا مولوی نورالدین صاحب خلیفہ اول کو تحریر فرمائی اور اس تحریر کی تقریب یہ تھی حضرت مولوی صاحب کا ایک صاحبزادہ بیمار تھا اور دو اس سے پیشتر فوت ہو چکے تھے۔ اس تیسرے بچے کی علالت کی خبر پر آپ نے جو خط عیادت کے طور پر حضرت خلیفہ اول کو لکھا اس میں اپنی اس دعا کا خاص طور پر ذکر فرمایا۔ گویا آج سے قریباً 34 برس پیشتر دنیا اس دعا سے جو حضرت مسیح موعود کے اوقات خاص کی دعا ہے واقف ہوئی ممکن ہے بہت سے لوگ ابھی تک اس سے ناواقف ہوں اس لئے میں پھر اسے یہاں درج کر دیتا ہوں۔ مع ان آداب کے جو اس دعا کے لئے حضرت نے تجویز فرمائے تھے۔ چنانچہ تحریر فرماتے ہیں۔

رات کے آخری پہر میں اٹھو اور وضو کرو اور چند دوگانہ اخلاص سے بجالاؤ اور دردمندی اور عاجزی سے یہ دعا کرو۔ کہ

’’اے میرے محسن اور میرے خدا میں ایک ناکارہ بندہ پُر معصیت اور پُرغفلت ہوں تو نے مجھ سے ظلم پر ظلم دیکھا اور انعام پر انعام کیا اور گناہ پر گناہ دیکھا اور احسان پر احسان کیا تو نے ہمیشہ میری پردہ پوشی کی اور اپنی بے شمار نعمتوں سے مجھے متمتع کیا۔ سو اب بھی مجھ نالائق اور پُر گنہ پر رحم کر اور میری بیباکی اور ناسپاسی کو معاف فرما۔ مجھ کو میرے اس غم سے نجات بخش کہ بجز تیرے اور کوئی چارہ نہیں آمین ثم آمین‘‘

مگر مناسب ہے کہ بروقت اس دعا کے فی الحقیقت دل کامل جوش سے اپنے گناہ کا اقرار اور اپنے مولیٰ کے انعام واکرام کا اعتراف کرے کیونکہ صرف زبان سے پڑھنا کوئی چیز نہیں۔ جوش دلی چاہئے اور وقت گریہ بھی۔ یہ دعا معمولات اس عاجز سے ہے اور درحقیقت ایسے عاجز کے مطابق حال ہے۔

والسلام

خاکسار غلام احمد عفی عنہ 20 / اگست 1885ء

اس دعا کی تاثیر کے متعلق حضرت مولانا نورالدین نے لکھا ہے کہ یہ لڑکا اس وقت اس مرض سے بچ گیا تھا۔

(الحکم 14 / مئی 1919ء)

اللہ تعالیٰ اس میں برکت ڈالے گا

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں۔

’’وقف عارضی ایک حقیر سی کوشش ہے اپنے رب کے حضور جو پیش کی جاتی ہے اس امید اور یقین پر کہ اللہ تعالیٰ اس میں برکت ڈالے گا اور اس کے نیک ثمرات پیدا ہوں گے۔ جانے والے بھی اس سے فائدہ اٹھائیں گے اور جہاں ان کو بھیجا جاتا ہے وہ بھی اس سے فائدہ اٹھائیں گے۔

(روزنامہ الفضل 12 فروری 1977ء صفحہ 3)

(نظارت تعلیم القرآن ووقف عارضی)

والدین واقفین نو ربوہ متوجہ ہوں

۞ والدین اور سیکرٹریان وقف نو محلّہ جات جوبلی سال میں پہلی مرتبہ قرآن کریم ناظرہ ختم کرنے والے واقفین نو کے نام مع ولدیت، پتہ اور حوالہ نمبر سے خاکسار کو جلد مطلع فرمائیں۔

(سیکرٹری وقف نو لوکل انجمن احمدیہ ربوہ)

پلاسٹک سرجن کی آمد

۞ مکرم ڈاکٹر ابرار پیرزادہ صاحب پلاسٹک ریہنڈ سرجری اور ہیئر ٹرانسپلانٹیشن کے ماہر مورخہ 15 مارچ 2009ء کو فضل عمر ہسپتال ربوہ میں مریضوں کے معائنہ کیلئے تشریف لائیں گے۔ ضرورت منداحباب وخواتین سے گزارش ہے کہ ڈاکٹر صاحب کی خدمات سے استفادہ کے لئے تشریف لائیں اور مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

طاہر ہومیو پیتھی ہسپتال میں تعطیل

۞ طاہر ہومیو پیتھی ہسپتال اینڈ ریسرچ انسٹیٹیوٹ ربوہ مورخہ 18 تا 28 مارچ 2009ء بند رہے گا۔ احباب مطلع رہیں۔

(معتمد مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر نمبر 524

سلامتی کے شہزادے اور ''بے تاج بادشاہ''

(قسط دوم)

حضرت بایزید بسطامیؒ

(ولادت 736ء۔ وفات 875ء)

حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ کے پڑوس میں ایک آتش پرست کا مکان تھا۔ ایک دفعہ وہ سفر پر چلا گیا۔ اس کا ایک شیر خوار بچہ تھا رات ہوتی تھی تو وہ بچہ اندھیرے کی وجہ سے رونے لگتا تھا کیونکہ آتش پرست کے گھر میں چراغ نہیں تھا۔ شیخ صاحب نے اپنا معمول بنالیا کہ جونہی رات ہوتی وہ اپنے گھر سے چراغ اٹھاتے اور ہمسائے کے گھر میں رکھ کر آتے تھے اس طرح بچہ خوش ہو جاتا تھا۔ آتش پرست سفر سے واپس آیا تو اس کی بیوی نے سارا حال اس کو سنایا تو وہ شیخ بایزید بسطامیؒ کے حسن اخلاق سے اس قدر متاثر ہوا کہ وہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اسلام قبول کرلیا۔

ایک دفعہ حضرت خواجہ بایزید بسطامیؒ عید کے دن حمام سے غسل کر کے نکلے تو گلی میں جا رہے تھے کہ کسی نے گھر کی چھت سے بے خبری میں بہت سی راکھ نیچے پھینکی۔ یہ سب کچھ حضرت بسطامیؒ کے سر پر پڑی اور آپ کا لباس، چہرہ، ریش مبارک اور سر کے بال راکھ سے آلودہ ہو گئے لیکن آپ کے دل میں غبار تک نہ آیا۔ یہاں تک کہ نظر اٹھا کر اوپر بھی نہ دیکھا۔ آپ راکھ کو چہرے پر ملتے تھے اور بار بار شکر کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ بایزید تو دوزخ کے قابل ہے ذرا سی راکھ سے منہ کیوں بناتے ہو''

حضرت بایزید بسطامیؒ فرماتے ہیں کہ:۔

''میں نے ماں کی خدمت سے بڑھ کر کسی شے سے فیض نہیں پایا۔ ایک رات والدہ صاحبہ نے مجھ سے پانی مانگا۔ میں نے کوزے میں دیکھا کہ وہ خالی تھا پھر گھڑا دیکھا تو اس میں بھی پانی نہ تھا۔ میں دوڑتا ہوا ندی پر گیا اور وہاں سے پانی لایا۔

اس اثناء میں والدہ صاحبہ سو گئی تھیں میں پانی کا کوزہ ہاتھ میں لئے ہوئے ساری رات اس انتظار میں کھڑا رہا کہ وہ بیدار ہوں تو پانی پیش کروں۔ سخت سردی کا موسم تھا میرا ہاتھ ٹھٹھر گیا۔ لیکن والدہ صاحبہ کو جگانا مناسب نہ سمجھا۔ جب وہ نیند سے بیدار ہوئیں تو وہ مجھے اس حالت میں دیکھ کر بہت خوش ہوئیں اور پھر پانی پی کر مجھ کو بے شمار دعائیں دیں اسی دن سے میں نے دیکھا کہ میرا قلب انوار الٰہی سے معمور ہو گیا''

(حیات اولیاء کا انسائیکلو پیڈیا ص 106-107)

حضرت معین الدین چشتیؒ

(ولادت 1143ء۔ وفات 1226ء)

خواجہ معین الدین چشتی جن دنوں میں ہندوستان پہنچے ان دنوں مشہور راجپوت حکمران پرتھوی راج دو لاکھ سپاہ اور تین ہزار ہاتھیوں کے بل بوتے پر مسلمان حاکم شہاب الدین غوری کی بارہ ہزار سپاہ کو شکست دے کر قرائن کے محاذ پر کامیابی حاصل کر چکا تھا اور اس کامیابی کے نشے میں مست وہ کسی بپھرے ہاتھی کی طرح ہندوستان میں نشہ کبر میں دندناتا پھر رہا تھا۔

اجمیر ان دنوں ہندوستان میں بڑی اہمیت کا شہر تھا یہ پرتھوی راج کی حکومت کی راج دھانی تھی۔ اجمیر میں داخل ہوتے ہی آپ نے جس جگہ کو اپنے قیام کے لئے پسند فرمایا وہ اتفاق سے پرتھوی راج کے اونٹوں کی جائے قیام تھی۔ پرتھوی راج کے ساربانوں نے جب ایک مسلم کو اپنے راجہ کی زمین پر یوں قبضہ کر کے بیٹھے دیکھا تو انہیں ٹوکنے لگے۔ کہ وہ اس جگہ کو چھوڑ دیں خواجہ صاحبؒ نے بے نیازی سے جواب دیا

''بھائیو! اتنا بڑا میدان ہے تمہارے راجہ کے اونٹ کہیں بھی بیٹھ سکتے ہیں۔ پھر مجھ غریب کو کیوں تنگ کرتے ہو؟'' مگر وہ ساربان مسلسل ضد میں کہتے رہے کہ نہیں اگر راجہ کو علم بھی ہو گیا کہ ایک بے دین اس کی زمین میں ڈیرا جمائے بیٹھا ہے تو نجانے وہ کیا کر ڈالے۔ آخر جب ساربان حد سے زیادہ بڑھنے لگے تو خواجہ معین الدین چشتیؒ نے اس جگہ سے اٹھتے ہوئے ساربان کو مخاطب کیا۔

''لو بھئی ہم تو اٹھ کے جا رہے ہیں تم بٹھا لو اب اپنے راجہ کے اونٹوں کو مگر خدا معلوم وہ بھی ہماری طرح اٹھ سکیں گے یا نہیں؟''

آپ تو یہ کہہ کر اٹھ کر چل پڑے اور ساربان آپ کی بات کے مفہوم سے ناآشنا اپنے کام میں مصروف ہو گئے۔ حضرت خواجہؒ نے اپنے ساتھیوں سمیت اناساگر نامی جگہ پر قیام کیا جو کہ بعد میں اولیاء مسجد کے نام سے مشہور ہوئی۔ اناساگر میں ہندوؤں کے لاتعداد مندر تھے یہ جگہ انادیو نامی راجہ نے بنوائی تھی۔ اب خواجہ معین الدین چشتیؒ کو تبلیغ اسلام کے لئے منتخب کرلیا گیا اور یہیں بیٹھ کر کفر سیاہ میں نور حق سے اجاگر کرنے لگے۔

آپ کی کرامات کو دیکھ کر لوگ جوق در جوق اسلام میں داخل ہوتے گئے۔ اگرچہ وہ ہندوؤں کا گڑھ تھا مگر آپ کی نگاہ مومن کی وجہ سے ہندوؤں نے اسلام کو اپنے سینے میں لگانے سے قطعاً عار نہ کیا اور انہی بزرگوں کی محبت اور کاوشوں کا نتیجہ ہے کہ پاک و ہند میں اسلام کا ڈنکا بج رہا ہے۔

(حیات اولیاء کا انسائیکلو پیڈیا صفحہ 150-151)

حضرت سید جلال الدین بخاریؒ

(ولادت 1308ء۔ وفات 1386ء)

ولی کے لئے ضروری ہے کہ وہ پیغمبر کی ہر قسم کی تعلیمات کی حمایت کرے اور ان پر خود بھی عمل کرے اور دوسروں کو بھی عمل کی نصیحت و تلقین کرے۔ تو تب وہ ولایت تک پہنچے گا ورنہ نہیں۔...... آپ نے مراقبہ کے بارے میں یوں وضاحت فرماتے ہوئے فرمایا ہے کہ مراقبہ یہ ہے کہ انسان ہمیشہ اس بات کو اپنے ذہن میں رکھے کہ حق تعالیٰ میرے اس عمل سے بخوبی واقف ہے اور وہ مجھے دیکھ رہا ہے۔ نہ کہ وہ اپنا سر ہی زانو پر رکھ کر بیٹھا رہے اور حاصل کچھ بھی نہ ہو۔ اس میں آپ نے انسان کے عمل کی اصل جڑ جس کو نیت کہا جاتا ہے۔ اس کی طرف اشارہ فرمایا ہے وہ مراقبہ کرنے سے قبل ولی یا درویش یا کسی دوسرے فرد کو یہ جاننا ضروری ہے کہ:۔

اللہ تعالیٰ ہر شخص کے ہر عمل کو جانتا ہے۔ خواہ وہ عمل چھپ کر کیا جائے یا ظاہری طور پر دوسرے وہ (اللہ تعالیٰ) ہر شخص کو دیکھتا ہے اس کی پوری کائنات اس کے سامنے آئینے کی طرح ہے اور کوئی اس سے پوشیدہ نہیں رہ سکتا۔

ان دو تصورات کے ساتھ اگر مراقبہ کیا جائے تو مراقبے کے فوائد حاصل ہو سکتے ہیں ورنہ کوئی فائدہ حاصل نہ ہو گا۔

جاہل صوفیوں سے دور رہو کیونکہ وہ دین کے چور اور مسلمانوں کے رہزن ہیں۔

آپ نے ماضی کے زمانے میں آج کے زمانے کے لوگوں کے لئے بھی تعلیمات دے کر راہنمائی فرما دی ہے کہ

اس میں جاہل صوفی عام ہوں گے ان کے جال میں نہ کوئی پھنسنے کی کوشش کرے۔ محض ان کی ظاہری حالت کو دیکھ کر یعنی:۔

1۔ انہوں نے داڑھی رکھ لی ہوئی ہے۔
2۔ گلے میں تسبیحوں کے جال ڈال رکھے ہیں۔
3۔ ہاتھ میں ملنگوں کی طرح بڑا موٹا ڈنڈا پکڑ رکھا ہے۔
4۔ بڑا لمبا اور کھلا چوغہ پہن رکھا ہے۔
5۔ اور وہ لوگوں سے اپنے آپ کو دور رکھے ہوئے ہیں وغیرہ وغیرہ۔

تو مختلف طریقوں سے لوگوں کو گمراہ کرتا پھر رہا ہے کہ:۔

1۔ میرے پاس رات کو جن آتے ہیں۔ موکل آتے ہیں اور میرے ساتھ باتیں کرتے ہیں۔
2۔ آسمان سے کھانا آتا ہے۔
3۔ مجھے نماز معاف ہو چکی ہے۔
4۔ میں مدینہ/مکہ جا کر نماز پڑھتا ہوں پھر واپس آتا ہوں وغیرہ۔

تو ایسی باتیں کرنے والے تمام جاہل ہوتے ہیں اور وہ شیطان کے آلہ کار بن کر لوگوں کو گمراہی میں ڈالتے ہیں۔

(حیات اولیاء کا انسائیکلو پیڈیا صفحہ 774-775)

وہ دور ہیں خدا سے جو تقوےٰ سے دور ہیں
ہر دم اسیرِ نخوت و کبر و غرور ہیں
(المسیح الموعود)

صلح پسند جماعت

امیر امان اللہ شاہ افغانستان جس کے عہد میں کئی احمدی شہید کئے گئے 1927ء میں ہندوستان کے دورہ پر آیا۔ اس موقع پر جماعت احمدیہ کی طرف سے خیر مقدمی پیغام بھیجا گیا۔ حضرت مولوی شیر علی صاحب نے تحریر فرمایا:

جماعت احمدیہ اور اس کے مقدس امام کی طرف سے میں ہز میجسٹی امیر کابل کی خدمت میں ان کے سر زمین ہند میں (جو کہ جماعت احمدیہ کے مقدس امام کی جائے پیدائش ہے) ورود کے موقع پر نہایت خلوص سے خیر مقدم کہتا ہوں۔

''ہم ہز میجسٹی کی وفادار احمدی رعایا افغانستان کے ساتھ اس دعا میں متحد ہیں کہ ہز میجسٹی کا سفر یورپ نہایت کامیابی کے ساتھ سرانجام پائے اور آپ اپنی مملکت میں سالماً غانماً واپس تشریف لائیں۔

بہ سر رفتنت مبارک باد
بسلامت روی و باز آئی''

شیر علی سیکرٹری حضرت خلیفۃ المسیح
امام جماعت احمدیہ قادیان

اس کا ذکر کرتے ہوئے اخبار انقلاب لاہور نے لکھا۔

''ہمیں یہ معلوم کر کے بے انتہا مسرت ہوئی کہ جماعت احمدیہ قادیان کے امام صاحب نے اعلیٰ حضرت شہریار غازی افغانستان کے ورود ہند پر اعلیٰ حضرت کی خدمت میں خیر مقدم کا محبت آمیز پیغام بھیج کر اپنی فراخدلی کا ثبوت دیا ہے اور قادیان کے جرائد نے اس پیغام کو نہایت نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔

''آج سے کچھ مدت پیشتر دو تین احمدیوں کے رجم پر جماعت احمدیہ اعلیٰ حضرت شہریار افغانستان کی حکومت کی سخت مخالف ہو گئی تھی اور ان دنوں میں امام جماعت اور جرائد قادیان نے نہایت تلخ لہجے میں حکومت افغانستان کے خلاف احتجاج کیا تھا............

یہ نہایت قابل تعریف بات ہے کہ امام جماعت احمدیہ نے اس ہنگامی وجہ اختلاف کو فراموش کر کے مہمان محترم کا خیر مقدم کیا۔ اس طرز عمل کا اثر ایک طرف عام مسلمانان ہند پر بہت اچھا ہو گا۔ دوسری طرف افغانستان میں رہنے والے احمدیوں کے تعلقات اپنے بادشاہ اور اس کی حکومت کے ساتھ زیادہ خوشگوار ہو جائیں گے............''

(الفضل 23/دسمبر 1927ء)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

رفیق حضرت مسیح موعود اور جماعت احمدیہ امریکہ کے پہلے بانی مربی سلسلہ

حضرت مفتی محمد صادق صاحب کے حالات زندگی کی جھلکیاں

مکرم محمود مجیب اصغر صاحب

اس پُرآشوب دور میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا امریکہ میں امن کا سفیر بن کر بنفس نفیس تشریف لے جانا اور 20 تا 22 جون 2008ء کو منعقد ہونے والے جلسہ سالانہ صد سالہ خلافت احمدیہ جوبلی میں شرکت فرمانا ایک بہت بڑا واقعہ ہے۔

اللہ تعالیٰ حضرت مصلح موعود خلیفۃ المسیح الثانی کے اپنے قرب میں بہت درجات بلند فرمائے جنہوں نے 1920ء میں امریکہ مشن جاری فرمایا تھا اور حضرت مسیح موعود کے ایک پیارے رفیق حضرت مفتی محمد صادق صاحب قریشی عثمانی بھیروی کو اس کی ذمہ واری تفویض فرمائی تھی۔ حضرت مفتی صاحب نے خلیفہ وقت کی توجہات روحانی اور دعاؤں کے طفیل بھرپور اور غیر معمولی خدمات کی توفیق پائی ۔ یہ 1920ء کا مبارک سال تھا جب یہ اہم قدم اٹھایا گیا اس دن سے آج تک امریکہ میں احمدیت کا پیغام پوری آب و تاب کے ساتھ پھیل رہا ہے اور حضرت خلیفۃ المسیح الثالث وہ پہلے خلیفۃ المسیح تھے جنہوں نے پہلی بار 1976ء میں اپنے مبارک قدموں سے امریکہ کی سرزمین کو برکت بخشی۔ اس کے بعد سے وقفے وقفے سے خلفاء کرام کے دورے امریکہ میں جاری ہیں۔ دو دورے حضرت خلیفہ ثالث نے اور دو دورے حضرت خلیفہ رابع نے فرمائے اور اب خلافت خامسہ میں خلیفہ وقت کا پہلا دورہ 2008ء میں ہوا ہے اور تینوں خلافتوں کو ملایا جائے تو خلیفۃ المسیح کا پانچواں دورہ ہے۔

اس موقع پر اس عاجز کا ذہن حضرت مفتی محمد صادق صاحب کی سوانح کی طرف منتقل ہوا اور اس عاجز نے تاریخ احمدیت اور سلسلہ عالیہ احمدیہ کے کچھ لٹریچر کی ورق گردانی کی ہے اور اس مضمون میں امریکہ کے پہلے مشنری انچارج حضرت ڈاکٹر مفتی محمد صادق صاحب کے بارہ میں بعض متفرق معلومات پیش کرنا چاہتا ہوں۔

پاک ماحول اور دعاؤں کی فضاء میں آپ کی پیدائش ہوئی قرآن سیکھنے اور تربیت پانے کے لئے بچپن میں ہی آپ کو ایک باخدا بزرگ حضرت مولوی حکیم نورالدین کے سپرد کر دیا گیا جن کے زیر سایہ اللہ تعالیٰ نے ابتداء میں ہی آپ کو ماموز زمانہ حضرت مسیح موعود کے قدموں میں لا بٹھایا نہایت کم عمری میں آپ حضرت مسیح موعود کے کبائر رفقاء کے ساتھ کندھے کے ساتھ کندھا ملانے کے قابل ہو گئے۔ اپنے آقا اور محسنوں کے عشق میں سرشار رہنے والے وجود بن گئے اطاعت اور فدائیت کے نہایت اعلیٰ معیار قائم کئے اس نوجوان سے خدا تعالیٰ نے بڑے بڑے اہم کام لئے جن کی کچھ جھلکیاں ذیل میں پیش کی جاتی ہیں۔

حضرت مفتی محمد صادق صاحب کی آپ بیتی کا خلاصہ

فرماتے ہیں۔

"عاجز راقم محمد صادق (ولد مفتی عنایت اللہ مرحوم وفیض بی بی مرحومہ) بھیرہ ضلع شاہ پور میں 11 جنوری 1872ء میں پیدا ہوا جس کی رُو سے 11 جنوری 1938ء کو آج میری عمر چھیاسٹھ سال ہوگئی ہے۔ انٹرنس تک بھیرہ میں تعلیم پائی اس کے بعد ایف اے کا امتحان جموں ہائی سکول میں مدرس ہونے کے زمانہ میں پرائیویٹ طور پر پاس کیا۔ 1890ء میں جموں میں ریاست کے مدرسہ میں مدرس ہو گیا۔ 1895ء میں وہاں سے ملازمت ترک کر کے لاہور انجمن حمایت اسلام کے مدرسہ میں مدرس ہو گیا اسی سال انجمن کی ملازمت چھوڑ کر لاہور دفتر اکاؤنٹنٹ جنرل میں کلرک ہو گیا جس سے مستعفی ہو کر 1901ء میں قادیان ہائی سکول میں پہلے سیکنڈ ہیڈ ماسٹر بعد میں ہیڈ ماسٹر ہو گیا۔

1905ء میں بدر کا ایڈیٹر و مینیجر مقرر ہوا۔

1914ء میں اخبار بدر کے بند ہو جانے پر حضرت خلیفہ ثانی نے (مربی سلسلہ) مقرر کیا۔ 1915ء میں حیدر آباد دکن میں کتاب تحفۃ الملوک لے کر (دعوت الی اللہ) کی۔ 1916ء میں مدراس میں پارہ اول قرآن شریف کا انگریزی ترجمہ چھپوایا۔ 1916ء میں مربی ہو کر 16 اپریل کو لندن پہنچا۔ تین سال وہاں (دعوت الی اللہ) کی۔

1920ء میں امریکہ بھیجا گیا وہاں چار سال (دعوت الی اللہ) کا کام کیا۔ 1923ء کے آخر میں امریکہ سے واپس ہندوستان اور صدر انجمن احمدیہ کا سیکرٹری مقرر رہا۔ پھر ناظر امور عامہ بھی ہو گیا۔

1934ء میں پرائیویٹ سیکرٹری حضرت خلیفۃ المسیح الثانی مقرر رہا۔

جولائی 1937ء میں بسبب علالت طبع نظارت کے کاموں سے سبکدوش کیا گیا اور پنشن مقرر ہو گئی مفصلہ ذیل کتابیں تصنیف و تالیف کیں۔

1۔ واقعات صحیحہ (متعلق پیر صاحب گولڑوی)

2۔ تحفہ بنارس (اہل ہنود کو دعوت الی اللہ)

3۔ کفارہ (ردعیسائیت)

4۔ آئینہ صداقت

5۔ زاملہ (بزبان انگریزی)

6۔ تحقیقات جدید متعلق قبر مسیح

7۔ ذکر حبیب

8۔ بائیبل کی بشارت متعلق سرور کائنات

9۔ مقصد حیات

10۔ تحدیث بالنعمت

11۔ نولکھا ہار (اہل لکھنو کو دعوت الی اللہ)

(رجسٹر روایات نمبر 5 صفحہ 115)

بعض روایات حضرت مفتی محمد صادق صاحب

حضرت مفتی محمد صادق صاحب نے جلسہ خلافت جوبلی کے موقع پر تقریر کرتے ہوئے فرمایا۔

میں نے حضرت اقدس سے بارہا سنا کہ کوئی شخص اگر گناہ کرنے کے بعد سچے دل سے اور خالص نیت سے توبہ کرتا ہے تو خدا تعالیٰ ضرور اس کے گناہ کو بخش دیتا ہے۔

فرمایا۔

ہمیں جس قدر نصرت مولوی نورالدین سے پہنچی ہے اور کسی سے نہیں پہنچی۔

ایک دفعہ فرمایا کہ بھیرہ سے ہمیں بہت نصرت پہنچی ہے۔

(رجسٹر روایات نمبر 15 صفحہ 141)

ابتدائی خودنوشت حالات

خدا کی رحمت اور بخشش ہو حضرت والد مرحوم اور والدہ مرحومہ پر جن کی توجہ ہمیشہ صلحاء فقراء اور صوفیاء کی صحبت کی طرف رہی اور ہنوز میں پیدا بھی نہ ہوا تھا کہ والدہ مرحومہ اپنے وطن کے زاہدوں اور عابدوں اور درویشوں سے میری صلاحیت کے واسطے خواستگار دعا ہوا کرتی تھیں قرآن خوانی اور درود و وظائف کی آوازوں کے درمیان میری پیدائش ہوئی صلحاء نے آکر میرے کان میں سب سے اول بذریعہ (نداء) کلمہ توحید کی تبلیغ پہنچائی قوم کے بزرگوں کو القاء ہوا کہ میرا نام محمد صادق ہو اور اس سارے شہر میں جس میں میں پیدا ہوا یہ نام مجھ سے قبل اور کسی کا اس وقت نہ تھا۔ میری پیدائش کئی ایک پاک نفس صلحاء کی دعاؤں کا نتیجہ تھی۔

(تحدیث بالنعمۃ صفحہ 2،3)

یہ اس کا فضل اور احسان ہے کہ چھوٹی ہی عمر میں مجھے حضرت مولوی نورالدین اعظم جیسے باخدا انسان کی صحبت کا موقع ملا۔ جموں اور کشمیر میں کئی ماہ آپ کی خدمت میں سفر اور حضر میں رہ کر مجھے آپ کی زندگی کے دیکھنے اور اس طرز کو اختیار کرنے کا موقعہ نصیب ہوا ہنوز حضرت مسیح موعود کو میں نے نہ دیکھا تھا کہ آپ کی آمد کی خبر مجھے دی گئی اور آپ کی سچائی مجھ پر ظاہر کی گئی اور اس کے قبول کرنے کی مجھے توفیق بخشی گئی۔

(تحدیث بالنعمۃ صفحہ 6)

جب میں چھوٹا بچہ تھا چودہ پندرہ برس کا ہوں گا تو مجھے قرآن مجید کا ترجمہ پڑھنے کے لئے حضرت خلیفہ اول مولانا حکیم نورالدین صاحب کے پاس جموں بھیج دیا گیا جو وہاں ان دنوں مہاراجہ کشمیر کے طبیب خاص تھے۔ حضرت حکیم صاحب مجھ سے بے حد محبت کرتے تھے اور مجھے اپنے بیٹوں کی طرح رکھتے تھے ان کے میرے ساتھ طرز عمل سے عام لوگ یہی سمجھتے تھے کہ میں ان کا بیٹا ہوں۔

(لطائف صادق۔ حضرت مفتی محمد صادق صاحب کی آپ بیتی مرتبہ شیخ محمد اسماعیل پانی پتی صفحہ 5)

حضرت مولانا نورالدین

حضرت مفتی صاحب نے 6 مئی 1909ء کے بدر میں ایک واقعہ شائع کیا حضرت خلیفہ اول کی سرسید سے خط و کتابت تھی ایک مرتبہ آپ نے ان کو خط لکھا کہ جاہل علم پڑھ کر عالم بنتا ہے اور عالم ترقی کر کے حکیم ہو جاتا ہے حکیم ترقی کرتے کرتے صوفی بن جاتا ہے مگر جب صوفی ترقی کرتا ہے تو کیا بنتا ہے؟ اس کا جواب سرسید نے یہ دیا کہ وہ نورالدین بنتا ہے۔

(لطائف صادق صفحہ 7)

وہ مجھے آپ سے زیادہ پیارا ہے

ایک دفعہ جب کہ میں بہت بیمار ہو گیا 1904ء کا واقعہ ہے اور میری والدہ مرحومہ بھی قادیان تشریف لائی ہوئی تھیں انہوں نے حضرت مسیح موعود کی خدمت میں حاضر ہو کر میری صحت کے لئے دعا کے واسطے تحریک کی حضور نے فرمایا کہ ہم تو ان کے لئے دعا کرتے ہی رہتے ہیں آپ کو خیال ہوگا کہ صادق آپ کا بیٹا ہے اور آپ کو بہت پیارا ہے لیکن میرا دعویٰ ہے کہ وہ مجھے آپ سے زیادہ پیارا ہے۔

(ذکر حبیب صفحہ 325)

حضرت مسیح موعود کے ساتھ ریل کا ایک سفر

حضرت مسیح موعود کے ساتھ ریل کے ایک سفر کا ذکر کرتے ہوئے مفتی صاحب فرماتے ہیں۔

...... راستہ میں جہاں گاڑی ٹھیرتی ۔ میں اپنے کمرہ سے اتر کر زنانہ ڈبہ سے جا کر خبر دریافت کرتا اور

پھر دوڑ کر حضرت صاحب کے پاس آ جاتا۔ اس سے حضرت صاحب بہت خوش ہوئے اور فرمایا آپ سفر میں بہت ہوشیار ہیں گو ہوشیار تو میں نے کیا ہونا تھا اور اس وقت ابھی بہت سفر بھی میں نے نہیں کئے تھے مگر کسی نہ کسی رنگ میں حضرت مسیح موعود کی خدمت ادا کرنے کا شوق دل میں تھا اور اس محبت کا بیج حضرت مولوی نورالدین صاحب مرحوم نے میرے قلب میں ڈالا تھا اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ حضرت مسیح موعود کا اس وقت کا فرمانا دعائیہ رنگ میں میری بعد کی زندگی کے سفروں کی طرف اشارہ کرتا تھا کیونکہ اس سے سلسلہ میں داخل ہونے کے بعد بالخصوص حضرت مسیح موعود کے وصال کے زمانے کے بعد (دینی) ضرورتوں کے واسطے مجھے ہندوستان کے بہت سے سفر کرنے پڑے اور پھر یورپ اور امریکہ جانا پڑا اور امریکہ سے واپسی پر میرے سپرد ایسی خدمات ہوتی ہیں جن کی وجہ سے مجھے سال میں قریباً نو ماہ قادیان سے باہر رہنا پڑا اور کئی بار بمبئی، کلکتہ، سیلون، کشمیر، پشاور تک جانا پڑا۔

(ذکر حبیب صفحہ 16)

کتاب ازالہ اوہام میں ذکر

حضرت مفتی صاحب لکھتے ہیں۔ جب کتاب ازالہ اوہام شائع ہوئی اس وقت حضرت مولوی نورالدین صاحب جموں میں ملازم تھے اور عاجز راقم بھی وہیں پر ملازم تھا۔ ازالہ اوہام میں حضرت مسیح موعود نے اپنے مریدین کے نام بھی لکھے تھے اور اس میں میرا نام بھی نمبر 66 پر تھا تب حضرت مولوی صاحب نے جو ہمیں ہر رنگ میں ترقی کرنے کی تحریص دلایا کرتے تھے مجھے مخاطب کر کے یہ فرمایا کہ مفتی صاحب آپ کا نام تو اتنے نمبر 66 پر ہے۔ کیا اتنے نمبر پر بھی کوئی پاس ہو سکتا ہے۔ تب میرے عزیز دوست مولوی فاضل محمد صادق صاحب مرحوم نے عرض کی فیل ہونے والوں کے تو نام نہیں شائع ہوتے ہیں صرف پاس ہونے والوں کے نام شائع ہوا کرتے ہیں جس پر حضرت مولوی صاحب تبسم کر کے خاموش ہو رہے۔

(ذکر حبیب صفحہ :30)

حضرت مسیح موعود کا ایک مبشر رؤیا

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

میرے ساتھ خدا تعالیٰ کی عادت یہ ہے کہ کبھی کسی پیشگوئی میں مجھے اپنی طرف سے کوئی تشریح عنایت کرتا ہے اور کبھی مجھے میرے فہم پر ہی چھوڑ دیتا ہے مگر یہ تشریح جو ابھی میں نے کی ہے اس کی ایک خواب بھی مؤید ہے جو ابھی 21/اکتوبر 1899ء کو میں نے دیکھی ہے اور وہ یہ ہے کہ

میں نے خواب میں محبی اخویم مفتی محمد صادق کو دیکھا ہے اور قبل اس کے جو میں اس خواب کی تفصیل بیان کروں اس قدر لکھنا فائدہ سے خالی نہیں ہوگا کہ مفتی محمد صادق صاحب میری جماعت میں سے اور میرے مخلص دوستوں میں سے ہیں جن کا گھر بھیرہ ضلع شاہ پور میں ہے مگر ان دنوں ان کی ملازمت لاہور میں ہے یہ اپنے نام کی طرح محبّ صادق ہے۔

مجھے افسوس ہے کہ میں اپنے اشتہار 6/اکتوبر 1899ء میں سہواً ان کا تذکرہ کرنا بھول گیا۔

وہ ہمیشہ میرے دینی خدمات میں نہایت جوش سے مصروف ہیں خدا ان کو جزائے خیر دے۔

اب خواب کی تفصیل یہ ہے کہ میں نے مفتی صاحب موصوف کو خواب میں دیکھا کہ نہایت روشن اور چمکتا ہوا ان کا چہرہ ہے اور ایک لباس فاخرہ جو سفید ہے پہنے ہوئے ہیں اور ہم دونوں ایک بگھی میں سوار ہیں اور وہ لیٹے ہوئے ہیں اور ان کی کمر پر میں نے ہاتھ رکھا ہوا ہے۔

یہ خواب ہے اور اس کی تعبیر جو خدا تعالیٰ نے میرے دل میں ڈالی ہے یہ ہے کہ صدق جس سے میں محبت رکھتا ہوں ایک چمک کے ساتھ ظاہر ہوگا اور جیسا کہ میں نے صادق کو دیکھا ہے کہ اس کا چہرہ چمکتا ہے اسی طرح وہ وقت قریب ہے کہ میں صادق سمجھا جاؤں گا اور صدق کی چمک لوگوں پر پڑے گی۔

(تریاق القلوب روحانی خزائن جلد 15 صفحہ 504)

ایڈیٹر و مینیجر اخبار بدر

1905ء میں بابو محمد افضل صاحب ایڈیٹر البدر کی وفات پر ایڈیٹر مقرر ہوئے۔ حضرت مسیح موعود نے آپ کی تقرری پر فرمایا۔

میں بڑی خوشی سے یہ چند سطریں تحریر کرتا ہوں کہ اگرچہ منشی محمد افضل صاحب مرحوم ایڈیٹر اخبار البدر بقضائے الٰہی فوت ہو گئے ہیں مگر خدا تعالیٰ کے شکر اور فضل سے ان کا نعم البدل اخبار کو ہاتھ آ گیا ہے یعنی ہمارے سلسلہ کے ایک بزرگ رکن، جوان، صالح اور ہر ایک طور سے لائق جن کی خوبیوں کے بیان کرنے کے لئے ہمارے پاس الفاظ نہیں یعنی مفتی محمد صادق صاحب بھیروی قائم مقام محمد افضل مرحوم ہو گئے ہیں۔ میری دانست میں خدا تعالیٰ کے فضل اور رحم سے اس اخبار کی قسمت جاگ اٹھی ہے کہ اس کا ایسا لائق اور صالح ایڈیٹر ہاتھ آ گیا۔ یہ کام ان کے لئے مبارک کرے اور ان کے کاروبار میں برکت ڈالے۔ آمین

خاکسار

مرزا غلام احمد

(ریویو آف ریلیجنز اپریل 1905ء)

زندگی وقف کرنا

حضرت مفتی محمد صادق صاحب وہ خوش قسمت رفیق مسیح موعود ہیں جنہیں حضرت مصلح موعود خلیفہ ثانی نے امریکہ دعوت الی اللہ کے لئے سب سے پہلے بھجوایا اور آپ کے ذریعے ہی امریکہ مشن کی بنیاد رکھی گئی آپ لکھتے ہیں۔

1907ء کے آخر میں حضرت مسیح موعود نے فرمایا اب سلسلہ کا کام بڑھ رہا ہے۔ اس بات کی ضرورت ہے کہ بعض نوجوان دوروزدیک (۔) کا کام کرنے کے واسطے اپنی زندگیاں وقف کریں...... نوجوانوں کے علاوہ بعض اور دوستوں نے بھی زندگی وقف کرنے کے عہد کی درخواستیں حضرت مسیح موعود کی خدمت اقدس میں پیش کیں...... عاجز راقم پہلے ہی اس ارادے سے سرکاری ملازمت کو استعفےٰ دے کر 1907ء میں قادیان آ گیا ہوا تھا۔ تاہم حضور کے اس فرمان پر میں نے بھی ایک تحریری درخواست دی اور اسی میں یہ الفاظ لکھے "اگر اس لائق سمجھا جاؤں تو دنیا کے کسی حصہ میں بھیجا جاؤں۔ اس پر حضور نے یہ تحریر فرمایا۔ "منظور"

(ذکر حبیب صفحہ 147،148)

باقاعدہ وقف زندگی سے پہلے بھی آپ کو بیش بہا خدمات کی توفیق ملی اور زندگی وقف کرنے کے بعد آپ کو حضرت مسیح موعود کی زندگی میں اور پھر خلافت اولیٰ اور خلافت ثانیہ میں بھرپور خدمت دین کی توفیق ملی ضمناً یہاں ایک دوست کا خواب لکھنا خالی از فائدہ نہ ہوگا کہ بھیرہ میں ابتدائی احمدی خاندانوں کی نقل مکانی کے بعد جو حالت ہے اس کیفیت میں ایک ضلعی عہدیدار کو حضرت خلیفہ اول کے پیدائش کے کمرے کے سامنے بیت نور بھیرہ میں خواب میں حضرت خلیفہ اول آئے اور اس دوست نے شکوہ کیا کہ اس جگہ آپ کیوں پیدا ہوئے حضرت خلیفہ اول نے فرمایا کہ میں اگر بھیرہ میں پیدا نہ ہوتا تو حکیم فضل دین مفتی محمد صادق مفتی فضل الرحمٰن، قاضی امیر حسین اور اسی طرح بعض اور رفقاء کا نام لیا کیسے حضرت مسیح موعود سے وابستہ ہوتے اور فرمایا یہ سب احمدیت کی عمارت کے مضبوط ستون ہیں کیسی واضح خواب ہے بلاشبہ حضرت خلیفہ اول کے ذریعے احمدیت سے وابستہ ہو کر ان سب نے مامور زمانہ کا قرب حاصل کیا اور اپنی اپنی استعدادوں کے مطابق اپنی ترقی کی آخری منزل تک پہنچے جن میں سے ایک ستون حضرت مفتی محمد صادق صاحب کی ذات ہے۔

حضرت مسیح موعود کا وصال اور انتخاب خلافت

حضرت مسیح موعود کا 26 مئی 1908ء کو وصال ہوا اور 27 مئی 1908ء کو قادیان میں صدر انجمن احمدیہ اور جماعت کے عمائدین نے ایک ریزولیشن تیار کی جس میں متفقہ طور پر فیصلہ کیا گیا کہ حضرت مولوی حکیم نورالدین صاحب آپ کے پہلے خلیفہ اور جانشین ہوں گے۔ سب دوستوں کی موجودگی میں بطور نمائندہ حضرت مفتی محمد صادق صاحب کو حضرت مولوی نورالدین صاحب کی خدمت میں قرارداد پڑھ کر سنانے کی سعادت نصیب ہوئی۔ یہاں حضرت مولوی نورالدین صاحب کے بارے میں مفتی صاحب کی ایک روایت ازدیاد ایمان کا موجب ہوگی۔

مسیح موعود کا سب سے پیارا مرید

جلسہ سالانہ 1920ء پر حضرت مفتی صاحب نے یہ واقعہ سنایا۔

حضرت مسیح موعود کی زندگی میں ایک مرتبہ حضرت صاحب کے گھر میں مستورات کے درمیان اس امر پر گفتگو ہونے لگی کہ حضرت اقدس کے اپنے مریدوں میں سب سے پیارا کون ہے؟ کسی عورت نے کسی کا نام لیا اور کسی نے کسی کا۔ کسی ایک شخص پر سب عورتوں کا اتفاق نہیں ہو سکا۔ حضرت (اماں جان) نے فرمایا کہ میرے خیال میں حضرت صاحب کو سب سے پیارے مولوی نورالدین ہیں اور اس کا امتحان بھی میں تم سب عورتوں کو ابھی کرائے دیتی ہوں۔

اس وقت حضرت صاحب علیحدہ کمرے میں بیٹھے ہوئے کچھ لکھ رہے تھے حضرت (اماں جان) عورتوں کے مجمع میں سے اٹھیں اور کہنے لگیں کہ حضرت صاحب کے پاس جا کر یہ بات ایک خاص ترکیب سے پوچھتی ہوں تم باہر کھڑی ہو کر سنتی رہنا تمہیں پتہ لگ جائے گا کہ حضرت صاحب کو سب سے زیادہ پیارا کون سا مرید ہے عورتوں سے یہ کہہ کر حضرت (اماں جان) حضور اقدس کے پاس کمرہ میں تشریف لے گئیں اور حضور کو مخاطب کر کے فرمانے لگیں کہ "آپ کے جو سب سے زیادہ پیارے مرید ہیں وہ" اتنا فقرہ کہہ کر حضرت (اماں جان) چپ ہو گئیں۔ اس پر حضرت اقدس نے نہایت گھبرا کر پوچھا "مولوی نورالدین کو کیا ہوا۔ جلدی بتاؤ"

اس پر حضرت (اماں جان) ہنسنے لگیں اور فرمایا "آپ گھبرائیں نہیں مولوی نورالدین صاحب اچھی طرح ہیں۔ میں تو آپ کے منہ سے یہ بات کہلوانا چاہتی تھی کہ آپ کے سب سے پیارے مرید کون سے ہیں۔ چنانچہ آپ نے وہ بات کہہ دی۔ اب میں جاتی ہوں۔ آپ اپنا کام کریں۔"

(لطائف صادق صفحہ 9)

خلافت اولیٰ میں بھی حضرت مفتی محمد صادق صاحب کو مقدور بھر خدمت دین کی توفیق ملی۔ اخبار بدر کے آپ ایڈیٹر تھے استحکام خلافت کے لئے بھی آپ نے مقدور بھر خدمت کی توفیق پائی۔ حضرت خلیفہ اول نے کئی دینی اور تربیتی سفروں پر آپ کو ہندوستان کے دور دراز علاقوں میں بھجوایا جو قرب آپ کو حضرت خلیفہ اول سے حاصل رہا اسی بناء پر آپ نے بعد میں مرقاۃ الیقین کا اضافی حصہ لکھا جس میں حضرت خلیفہ اول کی زندگی کے بقیہ حالات اور معمولات کا نہایت اختصار سے ذکر کیا۔

حضرت خلیفہ اول کی وفات

حضرت خلیفہ اول کا وصال 13 مارچ 1914ء کو

ہوا اور 14 مارچ 1914ء کو حضرت مصلح موعود صاحبزادہ مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب کا بطور خلیفۃ المسیح الثانی انتخاب ہوا۔ خلافت کے فتنہ کے دوران آپ ہمیشہ خلافت کے موید رہے اور حضرت خلیفہ اول اور حضرت خلیفہ ثانی کو آپ پر پورا اعتماد تھا۔

امریکہ کے پہلے داعی الی اللہ

مورخ احمدیت مولانا دوست محمد شاہد صاحب لکھتے ہیں۔

1920ء کے سال کو ایک نمایاں خصوصیت یہ حاصل ہے کہ اس میں سلسلہ احمدیہ کی باقاعدہ دعوت الی اللہ کی مہم، پرانی دنیا کی حدود سے نکل کر نئی دنیا میں جا پہنچی اور امریکہ میں مستقل مرکز کی بنیاد پڑی ...... حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے حضرت مفتی محمد صادق صاحب کو جو اس وقت انگلستان میں تھے امریکہ چلے جانے کا حکم صادر فرمایا۔ آپ 26 جنوری 1920ء کو انگلستان کی بندرگاہ لورپول سے روانہ ہوئے اور 15 فروری 1920ء کو امریکہ کی بندرگاہ فلاڈلفیا پر اترے لیکن شہر کے اندر داخل نہ ہو سکے کیونکہ راہداری کے انسپکٹر نے کئی گھنٹے کی پوچھ گچھ کے بعد صرف اس وجہ سے کہ آپ ایک ایسے مذہب کے داعی و مربی تھے جو تعدد ازدواج کی اجازت دیتا ہے آپ کو ملک میں داخل ہونے کی اجازت نہ دی اور فیصلہ کیا کہ آپ جس جہاز میں آئے ہیں اسی میں واپس چلے جائیں۔ حضرت مفتی صاحب نے اس فیصلہ کے خلاف محکمہ آبادکاری واشنگٹن میں اپیل کی۔ اپیل کے فیصلہ تک آپ کو سمندر کے کنارے ایک مکان میں بند کر دیا گیا جس سے باہر نکلنے کی ممانعت تھی مگر چھت پر ٹہل سکتے تھے اس کا دروازہ دن میں صرف دو مرتبہ کھلتا تھا جبکہ کھانا کھلایا جاتا تھا۔ اس مکان میں کچھ یورپین بھی نظر بند تھے جو عموماً نوجوان تھے اور پاسپورٹ نہ ہونے کی وجہ سے اس وقت تک کے لئے یہاں نظر بند کر دیئے گئے تھے جب تک حکام کی طرف سے ان کے متعلق کوئی فیصلہ ہو۔ یہ لوگ حضرت مفتی صاحب کا بڑا ادب کرتے تھے اور ان کی ضروریات کا خیال رکھتے تھے۔ ان کیلئے نماز پڑھنے کی جگہ بھی انہوں نے بنا دی تھی اور برابر خدمت کرتے رہتے تھے۔ حضرت مفتی صاحب نے موقعہ سے فائدہ اٹھا کر ان نوجوانوں ہی کو دعوت الی اللہ کرنا شروع کر دی جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ دو ماہ کے اندر پندرہ آدمی اسی مکان میں احمدی ہوئے۔

ادھر یہ صورت ہوئی ادھر آپ کی شہرت کا غیبی سامان یہ ہوا۔ کہ امریکن پریس نے آپ کی آمد اور ملک میں داخلے کی ممانعت کا بہت چرچا کیا اور بعض مشہور ملکی اخبارات مثلاً ''فلاڈلفیا ریکارڈ'' پبلک ریکارڈ نارتھ امریکن بلیٹن ایوننگ بلیٹن پبلک لیجر دی پریس نے نہ صرف آپ کی آمد کے بارے میں خبر دی۔ بلکہ جماعت احمدیہ کے حالات بھی شائع کئے۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے امریکی حکومت کے اس رویہ پر سخت افسوس کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا۔

''امریکہ جسے طاقتور ہونے کا دعویٰ ہے اس وقت تک اس نے مادی سلطنتوں کا مقابلہ کیا اور انہیں شکست دی ہوگی۔ روحانی سلطنت سے اس نے مقابلہ کر کے نہیں دیکھا۔ اب اگر اس نے ہم سے مقابلہ کیا تو اسے معلوم ہو جائے گا کہ ہمیں وہ ہرگز شکست نہیں دے سکتا کیونکہ خدا ہمارے ساتھ ہے ہم امریکہ کے اردگرد علاقوں میں دعوت الی اللہ کریں گے اور وہاں کے لوگوں کو احمدی بنا کر امریکہ بھیجیں گے اور ان کو امریکہ نہیں روک سکے گا اور ہم امید رکھتے ہیں کہ امریکہ میں ایک دن لا الہ الا اللہ کی صدا گونجے گی اور ضرور گونجے گی۔

آخر شروع مئی 1920ء میں امریکی حکومت کی طرف سے حضرت مفتی صاحب سے پابندی اٹھا لی گئی۔ جس کی فوری وجہ یہ ہوئی کہ حضرت مفتی صاحب کی دعوت الی اللہ سے کئی انگریزوں کے احمدی ہونے کی خبر جب متعلقہ محکمہ کے افسر کو پہنچی تو وہ بہت گھبرایا اور سوچنے لگا کہ اس طرح تو یہ آہستہ آہستہ سارے نظر بند نوجوانوں کو احمدی کر لیں گے اور جب شہر کے پادری صاحبان کو اس کا علم ہوگا تو وہ سخت ناراض ہوں گے اور شہر کی پبلک میرے خلاف ہو جائے گی اس پر اس نے اعلیٰ افسروں کو تار دیئے کہ جس قدر جلد سے جلد ممکن ہو ہندوستانی مشنری کو اندرون ملک میں داخلے کی اجازت دے دی جائے۔ چنانچہ حکام نے بھی آپ کو امریکہ داخل ہونے کا فیصلہ کر دیا اور حضرت مفتی صاحب نے نیویارک میں داخل ہو کر ایک مکان کا حصہ لیکچروں اور دفتر کے لئے کرایہ پر لے کر دعوت الی اللہ کا کام شروع کر دیا اور سعید روحیں حلقہ بگوش احمدیت ہونے لگیں۔

اس کے بعد آپ نے ڈیٹرائٹ میں چند ماہ قیام فرمایا اور عرب آبادی میں خاص طور پر پیغام حق پہنچایا پھر 1921ء میں آپ شکاگو منتقل ہو گئے وہاں آپ نے ایک عمارت خرید کر امریکہ مشن کا مرکز قائم کیا اور دی مسلم سن رائز کے نام سے ایک سہ ماہی رسالہ بھی جاری کیا۔ حضرت مفتی صاحب (جو امریکہ میں آج تک ڈاکٹر صادق کے نام سے یاد کئے جاتے ہیں) 4 دسمبر 1923ء کو قادیان واپس آ گئے اور امریکہ کا چارج حضرت مولوی محمد الدین صاحب نے لے لیا۔

(تاریخ احمدیت جلد 4 صفحہ 249)

بحری سفر اور مفتی صاحب کی دعا

حضرت مفتی صاحب بیان فرماتے ہیں۔

ایک بحری سفر میں ایک دن سمندر بڑے جوش میں آ گیا۔ سمندر کی لہروں نے جہاز تو ایسا حرکت میں ڈالا کہ دوران سفر متلی اور قے سے طبیعت بہت بیمار ہو گئی تب میں نے سمندر کو مخاطب کر کے کہا کہ اے سمندر تو جانتا ہے کہ کون اس جہاز پر سوار ہے ایک مسیح کا حواری صرف دعوت دین کے واسطے سفر کر رہا ہے۔ تجھے شرم نہیں آتی کہ تو مجھے بے آرام کرتا اور تکلیف دیتا ہے ٹھہر جا تاکہ جہاز میں حرکت نہ ہو۔ فوراً سمندر ساکن ہو گیا اور جہاز ایسا سکون سے چلتا تھا گویا ہم خشکی پر ہیں۔

(تحدیث بالنعمۃ صفحہ 6)

آپ بیتی امریکہ

حضرت مفتی محمد صادق صاحب ایک خط میں فرماتے ہیں۔

میرے امریکہ پہنچنے کی خبر امریکہ کے متعدد اخباروں میں شائع ہوئی چند دن بعد مجھے ایک خط ملا جو سینٹ لوئس شہر سے ایک لیڈی کی طرف سے تھا جس میں لکھا تھا۔

''میں جب بھی مشکلات میں مبتلا ہوتی ہوں تو بارہ گاہ الٰہی میں دعا کرتی ہوں'' جس کے نتیجے میں مجھے خواب میں ایک شخص دکھائی دیتا ہے جس کا لباس ایشیائی ہے اور جس کی بتائی ہوئی راہیں میرے لئے باعث مسرت ہوتی ہیں۔ میں خواب دیکھنے والی رات کی ہر صبح یہ ارادہ کر لیتی ہوں کہ اب کے بار اپنے محسن کا نام ضرور پوچھوں گی مگر عین وقت پر بھول جاتی ہوں یا یہ کہا جائے کہ ہوش کھو بیٹھتی ہوں۔ چونکہ وہ شخص ہندوستانی ہی معلوم ہوتا ہے اور آپ بھی ہندوستان سے ہی آئے ہیں اس لئے میں چاہتی ہوں کہ آپ اس بارے میں میری کچھ مدد کریں۔ خط دیکھ کر میرے دل میں تین خیال پیدا ہوئے کہ اول تو حضرت مسیح موعود کی قوت قدسیہ ہے۔ دوم اس زمانہ کے مالک روحانیت خلیفۃ المسیح ثانی کی روحانیت ہے یا میں چونکہ ملک میں دعوت الی اللہ کیلئے بھیجا گیا ہوں۔ میں ہی ہوں۔ غرض میں نے اسے تین فوٹو بھیجے حضرت مسیح موعود، خلیفہ ثانی اور اپنا۔ جواب میں مجھے دو فوٹو واپس کر دیئے گئے اور ایک جو حضرت مسیح موعود کا تھا ان الفاظ کے ساتھ رکھ لیا گیا آپ کا شکریہ مجھے میرا محسن مل گیا ہے یہی فوٹو اس کے دین حق قبول کرنے کا باعث ہوا۔ (لطائف صادق صفحہ 134)

ایک بوڑھی عورت کا رویا

ایک دفعہ میں امریکہ کے مشہور شہر شکاگو کی ایک سڑک سے گزر رہا تھا کہ ایک چھوٹا بچہ آیا اور کہا کہ آپ کو میری ماں بلاتی ہے میں بچے کے ساتھ ان کے گھر پہنچا۔ جہاں ایک بوڑھی عورت نے استقبال کیا۔ خاطر مدارت کے بعد اس نے کہا کہ میں ابھی چھوٹی عمر میں تھی کہ مجھے خیال ہوا کہ میں تحقیقات کروں کہ دنیا میں سب سے زیادہ سچا مذہب کونسا ہے۔ سو اس خیال سے کئی ایک مذاہب میں داخل ہوئی اور دعائیں کرتی رہی۔ مگر کہیں سے میری تشفی نہ ہوئی یہاں تک کہ میری شادی ہوئی بچے ہوئے پوتے ہوئے مگر میری اس دعا کی قبولیت مجھے نصیب نہ ہوئی۔ آج سے دو سال قبل ایک رات میں اس آرام کرسی پر لیٹی ہوئی اس خیال سے رونے لگی کہ میں نے عمر بھر خدا تعالیٰ سے ایک دعا کی وہ بھی قبول نہ ہوئی اور میں غم میں روتے روتے سو گئی تب خواب میں ایک فرشتہ دیکھا اس نے کہا بیگم غم نہ کرو۔ تمہاری دعا سنی گئی ادھر دیکھو وہ کون جا رہا ہے جب میں نے کھڑکی سے اس طرف نگاہ کی تو مجھے ایک مشرقی شخص دکھائی دیا۔ پھر اس فرشتے نے کہا کہ یہ شخص یہاں یعنی امریکہ میں آ رہا ہے جو مذہب وہ لائے گا وہ سچا ہے تو اس کو قبول کرو۔

میں اس خواب کے بعد کئی دن تک اس کھڑکی سے ہر آنے والے کو دیکھتی رہی۔ آخر مجبور ہو کر ناامیدی کو پاس بلا لیا۔ آج اتفاق سے میں پھر کسی بغیر ارادے کے یہاں بیٹھی تھی اور آپ کو جاتے ہوئے دیکھا میری آنکھوں میں وہ خواب بھر گیا۔ میں پہچان گئی کہ جو شخص خواب میں دکھایا گیا وہ آپ ہیں پھر اس نے دین حق قبول کیا۔ (لطائف صادق صفحہ 136)

امریکہ میں ہندوستانی بزرگ

جب میں امریکہ میں تھا تو ایک لیڈی کا ایک دوسرے شہر سے مجھے خط آیا کہ مجھے کشف میں ایک ہندوستانی بزرگ ملا کرتے ہیں اور میری مشکلات میں میری رہنمائی کیا کرتے ہیں۔ کیا آپ مجھے یہ بتلا سکتے ہیں کہ وہ کون صاحب ہو سکتے ہیں۔ میں نے اسے چند ایک فوٹو بھیجے جن میں ایک فوٹو حضرت مسیح موعود کا بھی تھا۔ اسی پر نشان کر کے اس لیڈی نے مجھے لکھ بھیجا کہ یہ وہ بزرگ ہیں۔ (ذکر حبیب صفحہ: 374)

تین دعائیں قبول

جب میں لندن سے امریکہ بھیجا گیا تاکہ وہاں پہلا مشن قائم کروں تو میں نے تین دعائیں کیں۔

☆ایک مخلص جماعت نو احمدیوں کی مجھے عطا ہو۔

☆ایک بیت الذکر بنانے کی توفیق ہو۔

☆ایک رسالہ جاری کرنے کے سامان مہیا ہوں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے باوجود سخت مشکلات کے تینوں دعائیں قبول ہوئیں۔ مخلص جماعت پہلے ہی سال مل گئی۔ رسالہ دوسرے سال جاری ہو گیا اور بیت اور مکان تیسرے سال تیار ہو گئے۔

(تحدیث بالنعمۃ از حضرت مفتی محمد صادق صاحب صفحہ 10)

جب میں امریکہ دعوت الی اللہ کیلئے پہنچا تو مجھے معلوم ہوا کہ اس سارے امریکہ میں کوئی بیت الذکر نہ تھی۔ یہ پہلا مشن تھا جس کو میں نے قائم کیا اور اس کے بعد مولوی محمد دین صاحب ایم اے اور یوسف خان صاحب درد مطیع الرحمٰن صاحب بنگالی نے جاری رکھا۔ میں نے ایک بیت الذکر شہر ڈیٹ رائٹ میں بنوائی جس کے لئے امریکہ کے عربوں سے چندہ لیا گیا تھا اور دوسری بیت شکاگو میں بنوائی۔

(لطائف صادق صفحہ 142)

امریکہ سے واپسی

جب میں امریکہ روانہ ہوا تو لوگوں کا خیال تھا کہ میں دو سال بعد واپس جاؤں گا مگر ایسا نہیں ہوا اور مجھے

ساتھ سال لگ گئے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے ایک رات خواب میں دیکھا کہ حضرت مسیح موعود آئے ہیں اور فرما رہے ہیں کہ مفتی صاحب کو یہیں رکھا جائے کہیں باہر نہ بھجا جائے۔ چنانچہ حضور نے مجھے بلا لیا اور پھر کبھی سمندر پار نہیں بھیجا۔

(لطائف صادق صفحہ 138)

حضرت مفتی صاحب کا مزید احوال

حضرت مفتی محمد صادق صاحب 11 جنوری 1872ء کو بروز جمعرات بھیرہ میں پیدا ہوئے تھے۔ آپ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کی اولاد میں سے تھے آپ کے آباؤ اجداد عرب سے ایران آئے اور سلطان محمود غزنوی کے زمانہ میں پنجاب آئے پہلے ملتان اور پاک پتن میں رہے اور عموماً حکومت وقت کی طرف سے قاضی مقرر ہوتے رہے اورنگ زیب عالمگیر مغلیہ خاندان کے شہنشاہ کے دور میں آپ کے ایک بزرگ بھیرہ کے مفتی مقرر ہوئے جس کے بعد آپ کا خاندان مفتی نام سے مشہور ہو گیا۔ آپ کی بیعت 1890ء کی ہے آپ نے ربوہ میں 13 جنوری 1957ء بروز اتوار کو وفات پائی آپ کی نماز جنازہ حضرت خلیفۃ ثانی نے اسی روز بعد نماز عصر بیت مبارک ربوہ میں پڑھائی جس میں دور ونزدیک سے آئے ہوئے کثیر تعداد میں لوگ شریک ہوئے حضرت خلیفہ ثانی طبیعت کی خرابی کے باوجود آپ کے تابوت کو کندھا دے کر بہشتی مقبرہ تک گئے اور تدفین کے بعد دعا کروائی آپ حضرت مسیح موعود کی صداقت کا ایک نشان تھے آپ کی وفات کے وقت عمر 85 سال تھی آپ کی وفات پر جماعت کے اداروں اور دنیا بھر کی جماعتوں کی طرف سے قرار دادہائے تعزیت منظور ہو کر آئیں جو الفضل میں شائع ہوتی رہیں۔ آپ صف اول کے مجاہدین میں سے تھے آپ کی تدفین 14 جنوری 1957ء کو صبح دس بجے بہشتی مقبرہ کے احاطہ رفقاء مسیح موعود میں ہوئی۔ امریکہ مشن نے اپنی قرار داد تعزیت میں لکھا امریکہ مشن ہمیشہ آپ کا زیر بار احسان رہے گا اور جماعت احمدیہ امریکہ اس احسان کا بدلہ کبھی نہ اتار سکے گی۔

(الفضل 17 جنوری 1957ء)

آپ کی وفات پر احباب جماعت کے کئی مضامین شائع ہوئے جن میں حضرت مسیح موعود کی بعض رؤیا کو بھی شامل کیا گیا ایک غیر احمدی دوست نے لکھا اگرچہ جماعت احمدیہ سے میرا کوئی تعلق نہیں ہے اور میں احمدیت کا مخالف ہوں پھر بھی میں یہ گواہی دیئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ حضرت مفتی صاحب ایک سچے مربی سلسلہ اور محمد عربی ﷺ کے شیدائی تھے۔

(الفضل 23 جنوری 1957ء صفحہ 8)

محترمہ امۃ السلام صاحبہ آف کوٹلی کی یاد میں

ف۔ر۔عاطف

ہماری پیاری امی جان محترمہ امۃ السلام صاحبہ بنت مکرم حاجی امیر عالم صاحب آف کوٹلی آزاد کشمیر 27 فروری 2007ء کو وفات پا گئیں۔

